سوال

(420) دوران حیض قرآن مجید پڑھانا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا مدرسے کی معلمہ کے لئے دوران حیض قرآن مجید پڑھانا جائز ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

طالبہ اور معلمہ کے لئے حیض کی حالت میں بوقت ضرورت، مثلاً تعلیم و تعلم کی غرض سے یا اسے بھول جانے کے اندیشے وغیرہ کی وجہ سے قرآن مجید پڑھنا اور پڑھانا جائز ہے ۔ (مجموع فتاوی ورسائل الشیخ محمد صالح العثیمین - المجلد الحادي عشر - باب الحیض)

اگر بھول جانے کا اندیشہ ہو تو امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کے نزدیک حائضہ کے لئے قرآن مجید پڑھنا واجب ہے ۔ کیونکہ (مالایتم الواجب إلاّ بہ فھو واجب) جس کے بغیر واجب مکمل نہ ہوتا ہو وہ چیز بھی واجب ہے ۔ (مختصرا من الموسوعۃ الفقھیۃ)

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1